## سوال

(362)کرسی پر بیٹھ کر نماز پڑھنا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

آج کل مساجد میں کرسی پر بیٹھ کر فرض نماز پڑھنے کا رجحان ہورہا ہے۔ باوجود اس بات کے کہ قیام کی حالت میں کھڑا ہوا جا سکتا ہے صرف سجدہ اور قعدہ کی حالت میں تکلیف ہے۔ ایسی صورت میں کیا یہ جائز ہے کہ تمام نماز کرسی پر بیٹھ کر ادا کی جائے۔ ایک مولوی صاحب نے یہ فتویٰ دیا ہے کہ اگر کھڑے ہو کر قیام پر قادر ہے تو کھڑے ہونا فرض ہے ورنہ نماز نہیں ہوگی۔

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حتی المقدور نماز کھڑے ہو کر ادا کرنی چاہیے۔ سجدہ اور قعدہ میں جیسے بیٹھ سکتا ہے۔ بیٹھ جائے۔ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا (البقرة:٢٨٦)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

## کتاب الصلوٰۃ: صفحہ: 333

محدث فتویٰ